PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

اسلام آباد، 26 **آگست** 2024

عمرایوب مسلسل الیکشن کمیشن، چیف الیکشن کمشنر اور ممبران الیکشن کمیشن کے بارے میں غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں اور جھوٹا پروپگنڈا کرتے رہے ہیں اس سلسلے میں حال ہی میں ایک ٹی وی چینل پر غلط بیانی کرتے ہوئے یہ الزام لگایا ہے کہ جنرل الیکشن 2024 پر ساڑھے 14 ارب روپے کے اخراجات آئے ہیں۔ جبکہ الیکشن کمیشن نے حکومتِ وقت سے اس سے کہیں زیادہ کے الیکشن اخراجات کا تقاضا کیا تھا اور اس طرح اُن کو الیکشن ملتوی کرنے کا موقع فراہم کیا۔

حقیقت یہ ہے کہ جنرل الیکشن 2018 کے اخراجات 28 ارب روپے سے زیادہ تھے جس کے تناظر میں مختلف عوامل جیسا کہ افراط زر کی شرح، ووٹرز کی تعداد میں اضافہ، پولنگ اسٹیشن و پولنگ عملہ کی تعداد میں اضافہ اور اضافی بیلٹ پیپرز کی چھپائی کو دیکھتے ہوئے اخراجات کا تخمینہ لگایا گیا تھا۔ تاہم الیکشن کمیشن نے اخراجات کم سے کم کرنے کی کوشش کی اور پھر بھی جنرل الیکشن 2024 پر **ساڑھے 33 ارب روپے** کے اخراجات آئے۔

ترجمان الیکشن کمیشن

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING